SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XXVII مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.XXVII OF 1994

سندھ بلدیاتی حکومت (دوسری ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) ACT, 1994

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۱۶ کی ترمیم
Amendment of section 16 of Sindh Ordinance XII of 1979
۳۔ منسوخی
Repeal

سندھ ایکٹ نمبر XXVII مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.XXVII OF 1994

سندھ بلدیاتی حکومت (دوسری ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) ACT, 1994

تمہید (Preamble)

[۱۲ اکتوبر ۱۹۹۴]

ایکٹ جس کے توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سند ھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہوگیا ہے:

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ بلدیاتی حکومت (دوسری ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۱۶ کی ترمیم

Amendment of section 16 of Sindh Ordinance XII of 1979

۲۔ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ کی دفعہ ۱۶ میں، ذیلی دفعہ (۲) کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ کا اضافہ کیا جائے گا:

"(۳) جہاں کوئی شخص یا اختیاری ذیلی دفعہ (۲) تحت مقرر کی گئی ہے، حکومت افراد کی ایسی تعداد

پر مشتمل مشاورتی کاؤنسل مقرر کر سکتی ہے، جیسے وہ ایسے معاملات کے لیئے مناسب سمجھے، جیسے حکومت اس کو نوٹیفکیشن کے ذریعے سونپے گی۔

(۴)مشاورتی کاؤنسل ایسے وقت میٹنگ کرے گی اور ایسے طریقے سے جیسے وہ شخص یا اختیاری مناسب سمجھے۔

(۵) مشاورتی کاؤنسل کا میمبر حکومت کی مرضی سے عہدہ رکھے گا لیکن کسی بھی وقت حکومت کو خط کے ذریعے میمبر شپ سے استعیفیٰ دے سکتا ہے۔

(۶)شخص یا اختیاری ذیلی دفعہ (۲) کے شرطیہ بیان کے تحت مشاورتی کاؤنسل کا میمبر مقرر کر سکتے ہیں، یا جہاں ایسی کاؤنسل مقرر نہیں کی گئی ایسا شخص یا اختیاری کسی دوسرے شخص کو پنچائت کے چیئرمین کے اختیارات استعمال کرنے اور کام کرنے کے لیئے مقرر کر سکتے ہیں۔

منسوخی
Repeal

۳۔ سندھ بلدیاتی حکومت (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۴ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔